یو کے میں مخفی تپ دق (TB) کی جانچ

آپ کے سینے کے ایکس-رے سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کے پھیپھڑے میں تپ دق (TB) نہیں ہے۔ یہ اچھی خبر ہے۔ اب آپ اپنے یو کے کے ویزا کی درخواست یہ یاد رکھتے ہوئے دے سکتے ہیں کہ آپ کو اپنا ٹی بی (TB) کلیرنس تصدیق نامہ شامل کرنا ہے۔

تاہم، یہ جاننا ضروری ہے کہ یو کے میں آپ کی آمد کے بعد آپ کو TB بھی ہو سکتی ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ 4 میں سے 1 (ایک) فرد کے جسم میں TB کے جراثیم سوئے ہوئے رہتے ہیں۔ اسے "مخفی TB" کہتے ہیں۔ مخفی TB کو سینے کے ایکس-رے میں دیکھا نہیں جا سکتا، اس لیے یہ جانے بغیر کہ آپ کے جسم میں مخفی TB ہو سکتی ہے۔ آئندہ کسی بھی وقت ابھر کر آپ کو بیمار ڈال سکتی ہے۔ تاہم اس کے ابھرنے اور آپ کو بیمار کرنے کا زیادہ امکان اس کا ہے کہ یو کے میں پہلے چند برسوں کے قیام کے دوران ہے۔

فعال TB

علامات:
کھانسی، بخار، وزن میں کمی، بھوک نہ لگنا، رات میں پسینہ آنا، تھکن

- TB بیکٹریا 'بیدار' رہتے ہیں
- آپ کو طبیعت کی ناسازی کا احساس ہوگا
- آپ دوسروں تک TB منتقل کر سکتے ہیں

مخفی TB

آپ میں فعال TB ہونے کا امکان 10 میں 1 کا ہوتا ہے



- TB کے بیکٹریا 'سوئے' رہتے ہیں
- آپ کو طبیعت کی ناسازی کا احساس نہیں ہوتا
- آپ دوسروں تک TB منتقل نہیں کر سکتے

TB alert

TB الرٹ یو کے کا TB سے متعلق قومی رفاہی ادارہ ہے، جو TB سے متاثر معاشروں کی صحت کی دیکھ بھال کے لیے پبلک ہیلتھ انگلینڈ اور نیشنل ہیلتھ سروسز کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔ مخفی TB کے بارے میں www.thetruthabouttb.org/latent-tb پر مزید جانیں۔

خوش قسمتی سے، اس سے پہلے کہ مخفی TB آپ کو بیمار ڈال سکے اس کا علاج جراثیم کش دواؤں (اینٹی بایوٹکس) سے کیا جا سکتا ہے۔

یو کے میں آمد کے بعد آپ جنرل پریکٹیشنر یا 'GP' کہلانے والے نیشنل ہیلتھ سروس [National Health Service (NHS)] کے فیملی ڈاکٹر کے پاس اپنا اندراج کرا سکتے ہیں۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ آپ کو مخفی TB تو نہیں ہے آپ کا GP خون کی جانچ کر سکتا ہے۔ اگر آپ کو مخفی TB ہے تو جراثیم مارے اور آپ کی آئندہ صحت کے تحفظ کے لیے آپ کو علاج فراہم کیا جائے گا۔ جانچ اور علاج خفیہ رہیں گے اور کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا، اور ان سے آپ کے ویزا کی حیثیت یا یو کے میں قیام کا حق متاثر نہیں ہو گا۔

آپ کے اندر مخفی TB کی علامات ظاہر ہونے پر GP کے پاس اندراج کرانا یاد رکھے، یا فوراً کسی ڈاکٹر سے ملنے کے لیے یہ پرچہ اپنے پاس محفوظ رکھیں۔



آپ کا قریب ترین www.thetruthabout**tb**.org/FindaGP پر مل سکتا ہے۔